ڈائریکٹر حج کراچی سید امتیاز علی شاہ کی کارکردگی کی تعریف کرتے ہوئے الحاج منیر احمد انصاری نے کہا شاہ صاحب بہت اچھے فرض شناس، حاجیوں کی خدمت کا جذبہ رکھنے والے انسان ہیں۔ حاجیوں کے مسائل حل کرنے میں بھرپور دلچسپی لیتے ہیں ہمارے سب سے پہلے حج ٹریننگ پروگرام میں شرکت کا اعزاز بخشتے ہیں۔

دوران انٹرویو حاجی نسیم الدین ڈائریکٹر سفینۃ الحجاج بھی آ گئے انہوں نے الحاج منیر احمد انصاری کے خیالات اور تاثرات کی تائید کرتے ہوئے کہا میں انکم ٹیکس کی پریکٹس کر رہا ہوں انصاری صاحب کے ساتھ سفینۃ الحجاج کمپنی میں بحیثیت ڈائریکٹر کام کر رہا ہوں ہم سب کام باہم مشاورت سے کرتے ہیں۔ ہمارا اصل مشن حجاج کی خدمت ہے ہم جائز منافع پر حاجیوں کی خدمت کر رہے ہیں ہماری کارکردگی اور دفتر کی تعریف RMS کی مانیٹرنگ ٹیم نے کی ہمارا حج پیکیج بھی دوسروں کے مقابلے 50 ہزار روپے کم ہے۔ حج آپریشن میں 7 افراد جن میں خواتین بھی شامل حاجیوں کی خدمت کیلئے جاتے ہیں۔ ہمارے پیکیج بغیر عزیزیہ ہوتے ہیں جدید ٹرانسپورٹ، رہائش دیگر سہولیات میں مکہ میں تین ٹائم اور مدینہ میں دو ٹائم کھانا 24 گھنٹے جوس، چائے کافی تمام رہائشی فلور پر



سید امتیاز علی شاہ ڈائریکٹر حج کراچی کو الحاج منیر احمد انصاری حجاج کرام کی بہترین خدمات پر سفینۃ الحجاج کی شیلڈ پیش کر رہے ہیں ڈائریکٹر الحاج نسیم الدین ساتھ موجود ہیں

دیتے ہیں۔ الحاج منیر احمد انصاری اپنی تحریر کردہ کتابیں حج وعمرہ اردو وانگلش میں چھپوا کر ڈی وی ڈی حجاج کی مکمل گائیڈ کیلئے فری تقسیم کرتے ہیں نیز گلے میں لٹکانے والا بیگ، ہینڈ بیگ، ایک ٹرالی بیگ، احرام مردوں کیلئے، عبایا خواتین کیلئے، تسبیح، جائے نماز، ٹوپی، چپل وغیرہ فری تقسیم کرتے ہیں۔

اپنے دفتر میں لگی شیلڈ، ٹرافیوں کے بارے میں الحاج منیر احمد انصاری نے بتایا یہ وزارت حج سعودی عرب، جنوبی ایشیا، وزارت مذہبی امور ہوپ کی طرف سے ہمارے ادارے کی حاجیوں کیلئے بہترین کارکردگی پر دیئے گئے ہیں۔ ☆☆

# 2018حج آپریشن کامیاب بنانے میں ہوپ وزارت مذہبی امور کیساتھ بھرپور تعاون کرے گی

# الحاج جاوید اختر

## حج وعمرہ سروسز کی مشہور ومعروف شخصیت الحاج جاوید اختر چیئر مین ہوپ اسلام آباد سے خصوصی انٹرویو

الحاج جاوید اختر بڑے شریف النفس، سادہ طبع، بلند اخلاق، اعلیٰ تعلیم یافتہ انسان ہیں حجاج کی خدمت کے جذبہ سے حج وعمرہ سروسز کے شعبے میں آپ حج وعمرہ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ اسلام آباد کے چیف ایگزیکٹو ہیں کم سے کم پیکیج ریٹ پر بہترین سہولتوں کے ساتھ حج کرانے میں اچھی شہرت رکھتے ہیں ہوپ کے بانیوں میں شمار ہوتے ہیں، ہوپ اسلام آباد کی ایڈ کمیٹی کے چیئر مین رہے اب حج آرگنائزر ایسوسی ایشن آف پاکستان (HOAP) اسلام آباد کے چیئر مین کی حیثیت سے اپنے فرائض منصبی بڑی ذمہ داری، فرض شناسی سے ادا کررہے ہیں۔



**وزارت مذہبی امور کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے ہمیں کورٹ میں جانا پڑا: الحاج جاوید اختر**

وزارت مذہبی امور کی طرف سے ہر سال حج پالیسی کیوں کے سوال کا جواب دیتے ہوئے چیئر مین ہوپ اسلام آباد الحاج جاوید اختر نے کہا حج ہر سال 9 ذوالحج کو ہوتا ہے دنیا کے ہر ملک نے حج کے دن کو مدنظر رکھنا ہوتا ہے، حج کسی بھی ملک کی پالیسی کے تابع نہیں، پاکستان میں حج کے نظام یعنی پالیسی میں بنیادی خامی ہے، ہماری بدقسمتی ہے حج جیسی مقدس عبادت کو حکمران اپنی سیاست چمکانے کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ دنیا کے بیشتر ممالک نے حج کیلئے سٹینڈ بائی پالیسی اپنائی ہوئی ہے جس پر تواتر سے عمل ہو رہا ہے، حج آپریشن میں صرف سعودی حکومت کی تعلیمات کے مطابق تبدیلی کی جاسکتی ہے کیونکہ حج آپریشن سعودی عرب میں ہوتا ہے۔ حج میں مین کردار سعودی عرب کا ہوتا ہے اس لئے سب ملکوں کو سعودی عرب کی حج پالیسی کو فالو کرنا ہوتا ہے۔ 2018ء کی حج پالیسی میں وفاقی وزیر مذہبی امور سردار یوسف نے غیر ضروری مداخلت کر کے نہ صرف سرکاری حج بلکہ خاص طور پر پرائیویٹ سیکٹر کو ذہنی اذیت میں مبتلا رکھا جس کی وجہ سے حج پالیسی میں غیر ضروری تاخیر ہوئی ہے۔ کورٹ جانے کے سوال کے جواب میں چیئر مین ہوپ نے کہا حج آرگنائزر کی پورے پاکستان کی نمائندہ تنظیم ہوپ ہے ہم نے ہوپ کے پلیٹ فارم سے اکتوبر 2017 کو وفاقی وزیر برائے مذہبی امور کے ساتھ ایک معاہدہ طے کیا تھا اس بار پرائیویٹ سیکٹر کا کوٹہ 60 فیصد، سرکاری حج کوٹہ 40 فیصد ہوگا۔ وزیر مذہبی امور کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے ہمیں مجبوراً ہائیکورٹ جانا پڑا بالآخر ہمیں سپریم کورٹ سے رجوع کرنا پڑا۔ سپریم کورٹ نے ہمارے موٴقف کی تائید کرتے ہوئے ہمارے حق میں فیصلہ دے دیا۔ وفاقی وزیر کی 67 فیصد اور 33 فیصد کی تجویز تھی جس کو کورٹ نے 60-40 فیصد کر دیا اگر وزارت مذہبی امور انصاف کرتی ہم عدالت نہ جاتے۔ ہمیں عدالت میں جانے کا کوئی شوق نہیں۔ ہوپ کی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی جس کے 30 ممبران ہیں وہ سارے فیصلے کرتی ہے۔ ہم اپنے حج آرگنائزر کے حقوق کیلئے عدالت مجبوراً گئے جس سے وقت ضائع ہوا اور پیسہ بھی۔ لیٹ ہونے کی وجہ سے حجاج کی بروقت تربیت بھی نہیں ہوئی دیگر انتظامات میں بھی مشکلات آتی ہیں۔ مسائل کا حل تجویز کرتے ہوئے چیئر مین ہوپ نے کہا وزارت مذہبی امور ہوپ کے ساتھ بیٹھ کر اس کا مستقل حل نکالیں، ہر سال حج پالیسی کی بجائے لانگ ٹرم حج پالیسی بنائیں تاکہ ہر سال ہمارے حجاج کی بروقت تربیت ہو۔ حج کے دیگر انتظامات بھی با آسانی ہوسکیں۔ پرائیویٹ سیکٹر کی کارکردگی کے بارے میں سوال پر الحاج جاوید اختر نے کہا پرائیویٹ سیکٹر کے آرگنائزرز کے پاس بہت اچھا تجربہ ہے جو اپنے بہترین تجربے کی بنیاد پر حاجیوں کو پروفیشنل کوالٹی سروسز فراہم کرتے ہیں۔ ہمارے پرائیویٹ سیکٹر کی اعلیٰ کارکردگی کی تعریف سعودی حکومت خصوصاً وزارت حج بھی کرتی ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ 2018 کے حج آپریشن کو کامیاب بنانے میں ہوپ وزارت مذہبی امور کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔ ہمارا مقصد حجاج کو حج کی ادائیگی میں بہترین سہولتوں کی فراہمی ہے۔☆☆

# پاکستان ٹورازم میں بہتری لاکر اربوں ڈالر سالانہ زرمبادلہ کما سکتا ہے رئیس صدیقی

## چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی ٹریول اینڈ ٹورازم ایف سی سی آئی رئیس صدیقی چیئرمین حرمین گروپ کا خصوصی انٹرویو




رئیس صدیقی کراچی کے سوشل، بزنس، سفارتی حلقوں میں جانی پہچانی شخصیت ہیں صرف نام ہی رئیس نہیں دل کے بھی رئیس ہیں۔ سوشل، دینی فلاحی کاموں میں دل کھول کر خرچ کرتے ہیں۔ بہت اچھے ملنسار، خوش اخلاق، ہردلعزیز انسان ہیں۔ اپنی کمیونٹی کیلئے ہمہ وقت متحرک رہتے ہیں۔ انگلش عربی زبانوں پر انہیں مکمل عبور حاصل ہے۔ حرمین گروپ کے چیئرمین ہیں۔ پاکستان ٹریول ایجنٹس ایسوسی ایشن کے سنٹرل چیئرمین رہے۔ فیڈریشن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کی سنٹرل سٹیڈنگ کمیٹی برائے ٹریول اینڈ ٹورازم کے چیئرمین کی حیثیت سے اپنے فرائض منصبی بڑی ذمہ داری سے ادا کررہے ہیں۔ قارئین کی فرمائش پر محبّ وطن شخصیت کا انٹرویو شائع کررہے ہیں۔



دوران انٹرویو رئیس صدیقی کے خوبصورت پوز



رئیس صدیقی چیئرمین حرمین گروپ سعودی قونصل جنرل کراچی عبداللہ عبدالدائم کیساتھ ملاقات میں اہم امور پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے



رئیس صدیقی سٹیٹ آف بحرین کے قونصل جنرل کراچی کیساتھ



رئیس صدیقی قونصل جنرل آف یو ایس اے زبیر طفیل، ایس ایم منیر، ماجد عزیز، یحیٰی پولانی و دیگر کا گروپ فوٹو

یوتھ انٹرنیشنل کے ایڈیٹرانچیف محمد صدیق القادری کو انٹرویو دیتے ہوئے رئیس صدیقی چیئرمین حرمین گروپ نے کہا میرا کراچی سے تعلق ہے۔ 1978 میں پی آئی اے کو جائن کیا۔ 4 سال سعودی عرب مکہ المکرّمہ میں کام کیا۔ وہاں اپنی ایجنسی حرمین ٹریول کے نام سے بنائی۔ 1988 میں بھائی کے نام پر حرمین انٹر پرائزز کے نام سے مین پاور ایکسپورٹ کا لائسنس لیا۔ 1992 میں کراچی واپس آکر اپنے بزنس کی طرف بھرپور توجہ دی۔ حج وعمرہ 2004 میں شروع کیا۔ پچھلے سال حج کوٹہ 184 کا ہے بہترین کارکردگی کی بناپر اس سال اضافہ ہونے کی توقع ہے۔ سنٹرل چیئرمین ٹیپ منتخب ہوا اپنی کمیونٹی کی فلاح و بہبود اور مسائل کو حل کرانے کیلئے بھرپور کام کیا۔ 2015 میں عمرہ زائرین کی خدمت کیلئے سعودی قونصلیٹ سے ڈراپ بکس حاصل کیا۔ 2018 میں فیڈریشن چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے الیکشن میں ہمارا یونائیٹڈ گروپ جس کے صدر ایس ایم منیر بزنس کمیونٹی کے انتہائی مخلص، دیانتدار، انتھک محنتی، مخلص اور محبّ وطن انسان ہیں۔ ٹریڈ کمیونٹی کیلئے ان کی بے لوث قابل تعریف خدمات ہیں کی قیادت میں ہمارا گروپ بھاری اکثریت سے جیتا ہے۔ ایف سی سی آئی کا پورا پینل یونائیٹڈ بزنس گروپ کا منتخب ہوا ہے۔ جس کے چیئرمین غضنفر بلور، وائس چیئرمین سید مظہر علی ناصر بہت اچھے سوشل انسان بزنس کمیونٹی کے ہردلعزیز رہنما ہیں فروٹ وبجی ٹیبل کی ایکسپورٹ بڑھانے کیلئے ان کا بہت بڑا رول ہے۔ میں ان کی قیادت میں ایف سی سی آئی کی ٹریول اینڈ ٹورازم سٹینڈنگ کمیٹی کے چیئرمین کی حیثیت سے سروسز دے رہا ہوں۔ پاکستان میں ٹریول اینڈ ٹورازم کی پروموشن کے حوالے سے سوال کے جواب میں رئیس صدیقی چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی نے کہا ایف سی سی کا بہت بڑا بین الاقوامی سطح کا پلیٹ فارم ہے ہم نے اپنی لیڈرشپ کی قیادت میں ٹریول اینڈ ٹورازم کو پروموٹ کرنے کی پلاننگ کی ہے۔ ہم وفاق میں ٹورازم کی منسٹر بنانے اور ٹورازم کی نئی پالیسی بنانے اور جنگی بنیادوں پر پاکستان میں ٹورازم کو پروموٹ کرنے کیلئے حکومت پاکستان

(باقی صفحہ نمبر 57 پر)



# حج 2018




تمام پاکستانی عازمین حج کو مبارک سفر کے آغاز پر ڈھیروں دعاؤں کے ساتھ ہدیہ
تبریک پیش کرتے ہیں اللہ تعالیٰ حج قبول فرمائے حجاج دوران حج سعودی قوانین کی
مکمل پابندی کریں پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کریں

**Ch.Talib Hussain**
Ex.Z. Vice Chairman (HOAP)
Ex. Chairman Punjab
0300-4200720

## Al-Talib Travels (Pvt) Ltd.

حج و عمرہ سروسز کی فراہمی میں قابل اعتماد ادارہ | Hajj Lic # 3174

Office # G-22, Shimla Tower, 5-Davis Road Lahore-Pakistan
Tel Off: 0092-42-36307425-36306446 Email:altalibtravels@hotmail.com
KSA:00966-596537798 ISD Office: Tel:051-2871218

# حج 2018

حج کا سفر مبارک ہو




ہم اللہ کے مہمانوں کی
خدمت کو اپنا فرض سمجھتے ہیں
بہترین سہولتوں کے ساتھ
حج ہمارے ساتھ کریں



Agha Zullfiqar Dhalwai
Managing Director

حج و عمرہ کے لیے ہماری خدمات حاضر ہیں

سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، بحرین، لیبیا، ملائیشیا میں پاکستانی ہنرمندوں کو روزگار کی فراہمی کا بہترین ادارہ

## DAHLAWI Travle & Tours
## DAHLAWI MANPOWER
RECRUITING | O.E.P. Lic # 2161/KAR

Suite # M-1, mezzanine Floor, Rahat Jo Dero, Opp. Rehmania Masjid Tariq Road,Block-2, P.E.C.H.S. Karachi - Pakistan,
Tel: +92-21-34389874, 34389884,Fax: +92-21-34389885, Mob: +92-321-2410410 E-mail: dahlawi2161@hotmail.com
dahlawi4@hotmail.com dahlawi4u@yahoo.com www.dahlawi.com.pk



Agha Safdar Dahlawi
Chief Exective

Branch Office: 3, 1st Floor 78/A Ali Arcade 6th Road Satellite Town Rawalpindi.Tel: +92-51-4843896-97, Faz: +92-51-4843898

# حجاج کی خدمت سے روحانی سکون ملتا ہے: سعید احمد ملک

## ملنسار، خوش اخلاق، ڈیوٹی فل افسر سعید احمد ملک ڈائریکٹر حج لاہور کی یوتھ انٹرنیشنل سے گفتگو



**سرکاری حج پالیسی پرعمل درآمد کرانا حج ڈائریکٹوریٹ کی ذمہ داری ہے: سعید احمد ملک**

حج اسلام کا پانچواں بنیادی رکن اور صاحب حیثیت مسلمان پر فرض ہے خوش نصیب لوگوں کو اللہ کے مہمان بننے کی سعادت حاصل ہوتی ہے۔ وزارت مذہبی امور کی حج پالیسی کے مطابق حج ڈائریکٹوریٹ لاہور اللہ کے مہمانوں کی خدمت کر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار خوش اخلاق، ڈیوٹی فل سینئر افسر سعید احمد ملک ڈائریکٹر حج لاہور نے یوتھ انٹرنیشنل کے ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا حجاج کی خدمت سے روحانی سکون ملتا ہے۔ ہماری ساری ٹیم سرکاری حج پالیسی کے مطابق حاجیوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں بہم پہنچانے کیلئے سرگرم عمل ہے اس سال حج 2018 کی پالیسی بہت اچھی بہترین ہے سستے ترین پیکیج دیئے گئے ہیں دوران حج حاجیوں کو بہترین تین ٹائم کھانا، بہترین جدید ٹرانسپورٹ، رہائشوں کی فراہمی سے حاجیوں کو بہت سہولتیں ملیں گی۔ یہی وجہ ہے عوام سرکاری حج سکیم کے ذریعے حج کرنے کو ترجیح دے رہے ہیں۔ وزارت مذہبی امور حاجیوں کو سستا اور بہترین سہولتوں پر مشتمل حج کرانے کی پالیسی پر کامیابی سے گامزن ہے۔

ایک سوال کے جواب میں سعید احمد ملک نے بتایا کہ ان کا تعلق ملتان سے ہے 1993 میں گریجویشن کے بعد وزارت سیاحت اسلام آباد کو جائن کیا قانون کی ڈگری راولپنڈی سے حاصل کی سرپلس ہونے پر وزارت مذہبی امور کو جائن کیا۔ گیارہ سال کراچی سمیت سوائے پشاور کے تمام ڈائریکٹوریٹ میں کام کیا۔ 2012 سے بحیثیت ڈائریکٹر حج لاہور فرائض انجام دے رہا ہوں۔

ڈائریکٹوریٹ لاہور کی کارکردگی کے سوال پر سعید احمد ملک کا کہنا ہے منسٹر اور سیکرٹری صاحب حج آپریشن کو کامیاب بنانے کیلئے خصوصی اقدامات کر رہے ہیں ہم سرکاری ملازم ہیں سرکار کی ہدایات کے مطابق حاجیوں کو ہر ممکن ذرائع سے سروسز دے رہے ہیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر، ڈپٹی ڈائریکٹر سمیت سارا عملہ حجاج کی خدمت میں پیش پیش رہتا ہے۔☆

# حاجیوں کے مفاد میں حکومت ففٹی ففٹی معاہدے پر عمل کرتے الحاج مقبول احمد

## پچھلے سال حکومت اپنے کوٹہ میں 10 فیصد اضافہ کر کے حاجیوں کو بہتر سروسز فراہم نہیں کر سکی

### حج وعمرہ کے شعبے کی ممتاز شخصیت الحاج مقبول احمد سابق سنٹرل چیئرمین ہوپ کا یوتھ انٹرنیشنل کو انٹرویو

حاجی مقبول احمد لاہور کے نامور سوشل وسیاسی شخصیت ہیں اچھی شہرت رکھنے والے ٹور آپریٹرز ہیں۔ حج آرگنائزر کے اجتماعی مفاد کیلئے ہمیشہ صف اول میں رہتے ہیں بڑے اچھے اخلاق وکردار کے مالک ہیں۔ حجاج کی خدمت کا جذبہ ان کے خون میں شامل ہے یہی وجہ ہے ٹور آپریٹرز آپ کی شخصیت پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں حج آرگنائزر ایسوسی ایشن آف پاکستان (HOAP) کے سینئر وائس چیئرمین، چیئرمین، پھر سنٹرل چیئرمین کی حیثیت سے انہوں نے اپنی کمیونٹی کی بھرپور خدمت کی 2002 سے حج وعمرہ سروسز کے شعبے سے وابستہ ہیں طواف انٹرنیشنل لاہور کے چیف ایگزیکٹو ہیں مسلم لیگ (ن) کے سینئر دیرینہ کارکن ہیں سوشل کاموں میں دل کھول کر خرچ کرتے ہیں۔



دوران انٹرویو الحاج مقبول احمد کے خوبصورت انداز

یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو میں الحاج مقبول احمد سابق سنٹرل چیئرمین ہوپ، چیف ایگزیکٹو طواف انٹرنیشنل لاہور نے کہا حاجیوں کے مفاد میں ہے کہ حکومت 50 فیصد کوٹہ کے معاہدے پر عمل کرے زیادہ حاجی سنبھالنا حکومت کے بس میں نہیں وزارت مذہبی امور کو سعودی حکومت کی پالیسی کے مطابق سارا حج کوٹہ پرائیویٹ سیکٹرز کو دے دینا چاہیئے۔ وزارت صرف حج آپریشن کی مانیٹرنگ کرے جو ٹور آپریٹرز اچھا کام نہیں کرتے لوگوں سے فراڈ کرتے ہیں حکومت ان کے خلاف سخت ترین ایکشن لے ان کی گارنٹیاں ضبط کرے۔ پچھلے سال حج آپریشن کے سوال کے جواب میں لاہور کے لیڈنگ ہردلعزیز اچھی شہرت کے حامل ٹور آپریٹرز حاجی مقبول احمد نے بتایا پچھلے سال وزارت مذہبی امور کی کارکردگی انتہائی خراب تھی پاکستان کی پرائیویٹ سکیم کی حاجیوں کیلئے کارکردگی بہت اچھی تھی بہترین کارکردگی پر دنیا بھر میں دوسرے نمبر پر آئی جس کی شہادت سعودی حکام، وزارت حج سعودی عرب، جنوبی ایشیا وزیر حج نے اپنے پیغامات میں پرائیویٹ سکیم کی حجاج کیلئے خدمات کی بہت تعریف کی۔ سرکاری سکیم کی حاجیوں کی مشکلات کے سوال پر حاجی مقبول احمد نے کہا سابقہ سالوں کی نسبت پچھلے سال حکومت کا دس فیصد حج کوٹہ زیادہ تھا مگر وزارت اس دس فیصد کوٹہ کو بڑھا کر حاجیوں کو سنبھال نہیں سکی۔ مدینہ منورہ میں رہائش مرکزیہ کی بجائے دور دراز علاقوں کی بلڈنگوں میں تھی آنے جانے کی مشکلات کی بنا پر وہاں 7 ہزار حجاج کرام نے مدینہ کی سڑکوں پر مظاہرہ کیا جہاں پر حاجیوں کو وزارت حج نے پیسے واپس کیئے اس کے باوجود حاجی پاکستان کی حکومت کو گالیاں نکال رہے تھے کہ ان کا کہنا تھا ہمارا حج خراب کر دیا ہے جب مدینہ سے سارے حاجی منیٰ پہنچنے لگے وہاں مکتبوں میں حجاج کرام کیلئے سونے کی جگہ نہ تھی اور کھانا بھی نہ ملا جب منیٰ سے عرفات گئے وہاں حاجیوں کو ٹرانسپورٹ نہ ملی اس کے علاوہ یہ رپورٹ بھی ہے 6 سے 7 سو حاجی حج کی سعادت سے محروم رہ گئے یہ ساری باتیں الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر آتی رہی ہیں اب حیرانگی کی یہ بات ہے کہ حکومت پاکستان پچھلے حج آپریشن کے بے شمار مسائل سے سبق نہیں سیکھتی وزارت مذہبی امور نے اس سال پھر اپنا سرکاری حج کوٹہ میں مزید اضافہ کر لیا ہے۔ جو کہ آئندہ حج آپریشن میں حکومت پاکستان کیلئے وبال جان بن جائے گا ساری بدنامی اس موجودہ حکومت کی بجائے نگران حکومت کے کھاتے میں جائے گی موجودہ مسلم لیگی حکومت بھی بدنام ہوگی وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کو مشورہ ہے 2018 کی حج پالیسی کو واپس لیں سرکاری اور پرائیویٹ سیکٹر کا کوٹہ ففٹی ففٹی کریں تا کہ حاجیوں کو مسائل سے بچا کر بہترین

(باقی صفحہ نمبر 57 پر)

# حکومت لانگ ٹرم حج پالیسی بنائے: الحاج شاہد رفیق

## خوش اخلاق،خوش مزاج،ملنسارشخصیت الحاج شاہد رفیق چیئر مین ہوپ پنجاب کا خصوصی انٹرویو

الحاج شاہد رفیق کا شمار حج وعمرہ آرگنائزرز کے سینئر رہنماؤں میں ہوتا ہے ہوپ کے بانیوں میں سے ہیں بڑے اچھے ملنسار، خوش مزاج، ذہین و فطین، بے لوث سوشل شخصیت ہیں، ہردلعزیز انسان ہونے کے ناطے حج آرگنائزران کی شخصیت پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں۔چیئرمین پنجاب زون،سنٹرل چیئرمین، پھر چیئرمین پنجاب زون ہوپ کی حیثیت سے آپ نے حج آرگنائزر کے مسائل ومشکلات حل کرائے ہیں،قابل تعریف خدمات انجام دی ہیں۔النصر حج وعمرہ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کے چیف آرگنائزر ہیں۔ 2017-18 کیلئے (HOAP) حج آرگنائزرایسوسی ایشن آف پاکستان پنجاب کے چیئرمین کی حیثیت سے حج آرگنائزراور پرائیویٹ حاجیوں کی فلاح وبہبود کیلئے سرگرم عمل ہیں۔






دوران انٹرویو الحاج شاہد رفیق کے خوبصورت انداز

یوتھ انٹرنیشنل کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے الحاج شاہد رفیق چیئرمین ہوپ پنجاب نے کہا ہوپ (HOAP) حج آرگنائزر کے مسائل حل کرانے اور پرائیویٹ حاجیوں کوزیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کیلئے بھرپور خدمات انجام دے رہی ہے اس کیلئے ہماری ہوپ کی تمام لیڈرشپ بہت اچھا کام کررہی ہے۔ حج پالیسی2018 پر تبصرہ کرتے ہوئے الحاج شاہد رفیق چیئرمین ہوپ پنجاب نے کہاوزارت مذہبی امور نے ہوپ کے ساتھ ہونے والے معاہدے پرعمل نہ کرکے زیادتی کی ہے۔حکومت کوففٹی/ففٹی کوٹہ پرعمل کرنا چاہئے تھا۔ وزارت مذہبی امور نے33/67 کا فارمولا بنا کر پرائیویٹ سیکٹر کے حج آرگنائزر کو بہت بڑی مشکل میں ڈال دیا تھا جس کی وجہ سے ہوپ مجبوراًہائی کورٹ اور سپریم کورٹ گئی سپریم کورٹ نے وزارت کے خلاف اور پرائیویٹ سیکٹر کے موقف پرفیصلہ دیا جس کووزارت مذہبی امور کے منسٹر نے ضد کی بناپر تسلیم نہ کرکے پرائیویٹ سیکٹر کے ٹورآپریٹرز اور پرائیویٹ حاجیوں اور سرکاری حاجیوں کو ذہنی اذیت میں مبتلا رکھا بالآخر پرائیویٹ سیکٹر کو سپریم کورٹ نے40/60 کے فارمولے پر ریلیف دیا۔

ایک سوال کے جواب میں الحاج شاہد رفیق چیئرمین ہوپ پنجاب نے کہا وزارت مذہبی امور کو چاہئے سرکاری و پرائیویٹ حاجیوں کے مفاد حکومت کم ازکم 5 سال کی لانگ ٹرم حج پالیسی بنائے تاکہ پرائیویٹ سیکٹر کے ٹورآپریٹرز بروقت اپنے تمام تر انتظامات مکمل کرکے حجاج کوزیادہ سے زیادہ سہولتیں ملیں گی وزارت کی طرف سے ایسی سہولت دینے سے پرائیویٹ حج پیکیج سستے ہو جائیں گے جس کا فائدہ براہ راست حاجیوں کو پہنچے گا۔

ایک سوال کے جواب میں ہردلعزیز ہوپ رہنما الحاج شاہد رفیق نے کہاحج کوٹہ میرٹ اور تجربے پر دینے سے حج آپریشن اچھا ہوگا۔الحاج شاہد رفیق نے کہا ہوپ حجاج کو بہتر سے بہتر سہولتیں فراہم کرنے کیلئے وزارت مذہبی امور کے ساتھ تعاون کررہی ہے ہمارا مقصد حجاج کی خدمت ہے۔ چیئرمین ہوپ پنجاب نے ڈائریکٹر حج لاہور سعید احمد ملک کی خدمات کی تعریف کرتے ہوئے کہاوہ بہت اچھے بلند اخلاق افسر ہیں جن کا مقصد حجاج کی بے لوث خدمت اور بہترین سروسز فراہم کرتا ہے۔☆☆

# بروقت حج پالیسی کے اعلان پر سرکاری حج کوٹہ بڑھنے سے حاجیوں کو زیادہ فائدہ پہنچے گا: شکیل احمد سیٹھی

## وزارت مذہبی امور کے سینئر تجربہ کار، خدمت کے جذبہ سے مالا مال، ڈیوٹی فل، خوش مزاج شکیل احمد سیٹھی ڈائریکٹر حج پشاور کے تاثرات



ڈائریکٹر پشاور شکیل احمد سیٹھی جنہوں نے 1990 میں بحیثیت اسسٹنٹ ڈائریکٹر حج ڈائریکٹوریٹ کراچی کو جائن کیا پھر اپنی خداداد صلاحیتوں سے بھرپور محنت کر کے ڈائریکٹر حج کے عہدے پر پہنچے انہیں کراچی، کوئٹہ، سکھر، لاہور، راولپنڈی، پشاور میں حجاج کی خدمات کا موقع ملا۔ انہیں پشاور حاجی کیمپ میں حجاج کیلئے کیمپس اور بلاک بنوانے اور حاجیوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دلوانے کا اعزاز حاصل ہے انتہائی منکسر المزاج، زندہ دل طبیعت کے مالک ہیں دوسروں کے کام کرنا ان کی زندگی کا خوبصورت شیوہ ہے۔

شکیل احمد سیٹھی ڈائریکٹر حج پشاور گیٹ نے حج پالیسی 2018 کی تعریف کرتے ہوئے یوتھ انٹرنیشنل کو بتایا کہ وفاقی کابینہ نے بروقت حج پالیسی 2018 کا اعلان کر کے اور سرکاری حج کوٹہ میں اضافہ کر کے بہت اچھا اقدام کیا۔ حج اخراجات میں اضافہ نہ کر کے عوام کو سستا ترین حج کرنے کا موقع فراہم کیا ساتھ پچھلے سال کی طرح تین ٹائم معیاری کھانا کی فراہمی کو یقینی بنا کر حج پر جانے والوں کے دلوں کو جیت لیا ہے اب زیادہ لوگوں کو سستا حج کرنے کا موقع ملے گا شعبان سے پہلے حجاج کی ٹریننگ شروع ہو جائے گی۔ گرمی ہونے سے مشکلات ہو سکتی ہیں اب گرمی سے پہلے حجاج کو ٹریننگ کروائی جائے گی حاجیوں کو بروقت حج سے متعلق میٹریل اور دیگر معلومات پڑھنے اور سیکھنے کا موقع مل جائے گا۔ ٹرانسپورٹ اور رہائشوں کا بروقت انتظام ہونے سے حاجیوں کو زیادہ اچھی سہولتیں ملیں گی۔ حاجی کیمپ پشاور میں حاجیوں کو فراہم کی جانے والی سہولتوں کے بارے میں بتایا پچھلے سال 17654 سرکاری سکیم، 10421 پرائیویٹ سکیم کے حاجی تھے ان کی سہولت کیلئے یہاں بلاک 2099 میں بنایا اور اب ایک نیا بلاک بنا رہے ہیں جس کی منظوری وزارت نے دے دی۔ حاجیوں کی سہولت کیلئے کینٹین بنوا رہے ہیں حاجیوں کی تعداد بڑھ رہی ہے ہم نے حاجیوں کو ایئر پورٹ تک پہنچانے کیلئے بہترین ٹرانسپورٹ کا انتظام کیا ہے یہاں حاجی کیمپ کے پی کے فاٹا کے دور دراز علاقوں سے حاجی آتے ہیں ہماری کوشش ہوتی ہے ان کو زیادہ سہولتیں اور آرام میسر ہو۔

پرائیویٹ ٹور آپریٹرز کے بارے میں بتایا 128 ٹور آپریٹرز ہیں حج ڈائریکٹوریٹ ان کی حجاج کیلئے کارکردگی پر کڑی نگاہ رکھتا ہے اگر کوئی پرائیویٹ پیکیج کے مطابق سہولت نہیں دیتی یا حاجیوں کو کوئی مشکل اور تکالیف ہوں یا شکایات ہوں حج ڈائریکٹوریٹ ایسے ٹور آپریٹرز کے خلاف ایکشن لیتا ہے۔ کے پی کے میں زیادہ تر لوگ سرکاری سکیم کے تحت حج کو ترجیح دیتے ہیں سرکاری سکیم کے اخراجات بہت کم ہیں تین ٹائم کھانا فری ہے کھانا ملنے سے حاجیوں کو بہت بڑی سہولت ملے گی کیونکہ حرمین شریف کے قریب عمارتیں گرانے کی وجہ سے ہوٹل کی کمی ہے حاجیوں کو کھانے کی کافی مشکلات تھیں جو وزارت مذہبی امور نے حل کر دی ہیں انشاء اللہ امسال ٹرانسپورٹ اور رہائش کا بروقت انتظام ہونے سے حاجیوں کو اچھی سہولتیں ملیں گی۔

ایک سوال کے جواب میں الحاج شکیل احمد سیٹھی نے کہا گورنمنٹ سکیم کا حج اس لئے سستا ہے گورنمنٹ اپنے اخراجات حاجیوں سے نہیں لیتی جبکہ پرائیویٹ سکیم کے سارے اخراجات پیکیج میں شامل ہوتے ہیں اس لئے ان کے پیکیج مہنگے ہوتے ہیں۔

پرائیویٹ سیکٹر میں حج کمپنیوں کی کھلم کھلا سیلز پرچیز کے سوال پر ڈائریکٹر حج پشاور نے کہا حج کمپنیوں کی سیلز پرچیز پر پابندی لگنی چاہیئے 50 کا کوٹہ والی کمپنی ڈھائی کروڑ میں سیلز ہوتی ہے۔ تو وہ حاجیوں کی خدمت نہیں بلکہ زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے چکر میں رہتے ہیں جس کی وجہ سے حاجیوں کے ساتھ زیادتی ہو جاتی ہے حکومت پاکستان اور وزارت کو سخت چیک اینڈ بیلنس کا سسٹم لاگو کرنا چاہیئے صرف حج کا تجربہ اور خدمت کا جذبہ رکھنے والوں کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیئے۔ ☆☆

# خیبر پختونخوا حکومت ٹورازم کو پروموٹ کرنے میں بہترین عملی اقدامات کر رہی ہے محمد عربی

## خوش اخلاق، ملنسار، ڈپٹی کنٹرولر ٹورازم سروسز ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا محمد عربی کی یوتھ انٹرنیشنل سے خصوصی بات چیت



ڈپٹی کنٹرولر ٹورازم سروسز ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا پشاور محمد عربی بڑے جواں ہمت، محنتی، خوش اخلاق، ملنسار ہر دلعزیز شخصیت کے مالک ہیں نوشہرہ سے تعلق ہے۔ ایم اے انٹرنیشنل ریلیشن پشاور یونیورسٹی سے کرنے کے بعد 2008 سے فیڈرل پبلک سروسز کمیشن کے ذریعے ٹورازم ڈیپارٹمنٹ میں آئے۔ پہلی پوسٹنگ کراچی میں ہوئی 6 ماہ بعد پشاور ٹرانسفر ہوئی دو سال یو این او میں سروس کی۔ پچھلے دو سال سے ڈپٹی کنٹرولر ٹورازم ٹورایسٹ سروسز کی حیثیت سے اپنے فرائض منصبی بڑے جذبہ حب الوطنی کے تحت ادا کر رہے ہیں۔ صوبے میں ٹورازم کو فروغ دینے میں بڑے ایکٹو ہیں آپ کی ذاتی کوششوں سے کے پی کے میں ڈمیسٹک ٹورازم کو فروغ مل رہا ہے۔ پرائیویٹ سیکٹر کے ٹور آپریٹرز کی بڑی تعداد ڈمیسٹک ٹورازم میں آ رہی ہے جس سے صوبے میں ٹورازم کو بڑے پیمانے پر فروغ ملے گا ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری بھی بڑھے گی۔

یوتھ انٹرنیشنل سے گفتگو کرتے ہوئے محمد عربی ڈپٹی کنٹرولر نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت ڈمیسٹک ٹورازم کو فروغ دینے میں بہترین اقدامات کر رہی ہے صوبے میں سکیورٹی کی حالت بہتر کرنے' ٹورازم منسٹری ہوٹل ٹورازم انڈسٹریز کو مراعات دے کر پروموٹ کر رہی ہے۔ سیاحت کے مقامات پر ٹورایسٹ کیلئے ہوٹلوں کیلئے بجلی، گیس کی فراہمی کو یقینی بنا کر ہوٹل اور گیس کمرشل بلوں کی بجائے انڈسٹریز بل پر صرف 5 فیصد ٹیکس دے کر ہوٹلنگ کراکری، فرنیچر، مشینری میں منگوا سکتے ہیں۔ انڈسٹریل سہولتوں پر مبنی پیکیج دے کر ایسوسی ایٹرز کو بہت سی مراعات دے کر ٹورازم کو فروغ دینے میں قابل تعریف اقدامات کر رہی ہے اس مقصد کیلئے پوسٹوں کی تعداد میں اضافہ کیا گیا۔ 2013 میں جب ٹورازم فیڈرل گورنمنٹ کے انڈر تھا صوبہ میں صرف 20 پوسٹیں تھیں اب 122 پوسٹیں دی گئی ہیں۔ 2009 میں ٹورازم ڈیپارٹمنٹ کا بجٹ 50 لاکھ تھا اب جولائی سے جنوری 2018ء 7 مہینوں میں 3 کروڑ 48 لاکھ کر دیا گیا ہے۔ بجٹ بڑھنے سے ٹورازم کو بھرپور لوم مل رہا ہے صوبہ کی سیاحت میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے۔ ٹورایسٹ مقامات پر جانے کیلئے سڑکیں بنائی جا رہی ہیں۔ مالم جبہ کے مقام پر خوبصورت روڈ بننے اور وہاں دیدہ زیب ہوٹل کی تعمیر، چیئر لفٹ لگنے سے سیاحوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ ہزاروں سیاح مالم جبہ آ رہے ہیں۔ ڈمیسٹک سیاحت کے فروغ کیلئے ہماری ویب سائٹ میں سیاحتی مقامات، ہوٹلنگ کے بارے میں معلومات، ٹور آپریٹرز کے ٹور پیکیجز اور دیگر معلومات شامل ہیں۔ پرائیویٹ ٹور آپریٹرز کو اپنے ٹورازم پیکیجز، بروشر، ٹور پیکیجز کی تفصیلات دینے کی سہولت دے رہے ہیں۔ پہلے ہوٹلنگ ٹورایسٹ



محمد عربی یوتھ انٹرنیشنل کا مطالعہ کر رہے ہیں

مقامات کی چیکنگ کیلئے دو انسپکٹر تھے اب 70 کے قریب یونیفارم فورس کی صورت میں ہیں۔ یہ انسپکٹر سروسز کی کوالٹی چیکنگ، مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ چیف سیکرٹری صاحب صوبہ کی ڈمیسٹک ٹورازم کو ریکارڈ ترقی دینے کیلئے خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں۔ ڈیپارٹمنٹ میں ان لائن انفارمیشن سیل قائم کر دیا ہے جس سے ٹورایسٹ کو تمام تر اہم معلومات ملیں گی ان کی شکایات کا بروقت ازالہ ہو گا۔ ہوٹلوں کے کھانے اور معیار اچھے اور ریٹس

(باقی صفحہ نمبر 57 پر)





محمد عربی کے دوران انٹرویو خوبصورت انداز

# ہوپ کے پی کے حجاج کی خدمت میں پیش پیش ہے

## نوجوان باصلاحیت محبّ وطن ٹور آپریٹرز محمد فیصل صبوری
## چیئرمین ہوپ پشاور گیٹ وے سے خصوصی انٹرویو

## محمد فیصل صبوری



خدمت حجاج کے جذبہ سے سرشار نوجوان حج آرگنائزر المنارات حج وعمرہ سروسز کے چیف ایگزیکٹو فیصل صبوری چیئرمین ہوپ پشاور زون نے یوتھ انٹرنیشنل کوایک انٹرویو میں کہاہے ہوپ کے پی کے حجاج کی خدمت میں پیش پیش ہے، ہمارے قائدین حاجی ثناءاللہ، حاجی مسعود شنواری کے پی کے حاجیوں کوزیادہ سے زیادہ سہولتیں پہنچانے کیلئے سرگرم عمل ہیں۔ ہمارا مقصد پرائیویٹ حاجیوں کی بے لوث خدمت ہے۔فیصل صبوری نے کہا وزارت مذہبی امور کی حج پالیسی 2018 لیٹ ہونے سے پرائیویٹ سیکٹر کے حج آرگنائزر کو بہت مشکلات ذہنی ٹینشن کا سامنا کرنا پڑاہے۔ پرائیویٹ حج آرگنائزر نے تمام تر مسائل ومشکلات کے باوجود اپنے حاجیوں کو بہترین سہولتیں فراہم کرنے کیلئے انتظامات کئے ہیں۔ جدہ ایئرپورٹ پر ہوپ کے نمائندے علی خان بہت اچھا کام کر رہے ہیں۔ چیئرمین ہوپ پشاور زون فیصل صبوری نے ایک سوال کے جواب میں کہا حکومت پاکستان کو ہر سال حج پالیسی دینے کی بجائے کم از کم 5 سال کیلئے لانگ ٹرم حج پالیسی بنانی چاہئے تاکہ پرائیویٹ سیکٹر کے ٹور آپریٹرز بروقت انتظامات کرسکیں ایسا ہونے سے حج پیکیج سستے بھی ہوسکتے ہیں کیونکہ رہائش، ٹرانسپورٹ، دیگر انتظامات بروقت کرنے سے حج آرگنائزر کو آسانیاں ہوں گی جس کا فائدہ حاجیوں کو ملے گا۔ انہوں نے کہا حج آپریشن 2018 کو کامیاب بنانے کیلئے ہماری ہوپ وزارت مذہبی امور کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی انہوں نے ڈائریکٹر حج پشاور سہیل سیٹھی کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ بہت اچھے مخلص افسر ہیں حاجیوں کی خدمت کو اپنا مشن سمجھتے ہیں۔






حج کا سفر مبارک ہو

ہم حج کا سفر کرنے والے خوش نصیب عازمین حج کو دلی مبارکباد دیتے ہیں اللہ تعالی تمام حجاج کا حج قبول فرمائے حجاج اپنے پیارے وطن ملک پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کریں دوران حج سعودی قوانین کی مکمل پابندی کریں


محمد فیصل صبوری
چیئرمین ہوپ
پشاور گیٹ وے
0333-5127404

Office No. B4-5, 2nd Floor
Jk Shoping Plaza Main Univeresty
Road Peshawar. Ph:0915711422

# حج آرگنائزرز کے مسائل حل کرانے کیلئے ہوپ کو جرأت مندی دکھانی چاہئے الحاج محمد صدیق حیات

## 2018 کے حج کوٹہ میں اچھی کارکردگی دکھانے والی حج کمپنیوں کے کوٹہ میں اضافہ کیا جائے

### مشہور و معروف محبّ وطن ٹور آپریٹر محمد صدیق حیات چیف ایگزیکٹو المعمورہ انٹرنیشنل کا یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو



**حج کوٹہ مصر کی طرز پر کمپنیوں میں برابر تقسیم کیا جائے الحاج محمد صدیق حیات**

الحاج محمد صدیق کے دوران انٹرویو خوبصورت پوز

راولپنڈی کے سینئر و پروفیشنل ٹور آپریٹر الحاج محمد صدیق حیات چیف ایگزیکٹو المعمورہ انٹرنیشنل پرائیویٹ لمیٹڈ، ایگزیکٹو ممبر باڈی ہوپ اسلام آباد گیٹ وے کے سابق ممبر رہے ہیں ان کا شمار اچھی شہرت رکھنے والے مشہور و معروف محبّ وطن ٹور آپریٹرز میں ہوتا ہے اپنی کمیونٹی کے ہر دلعزیز رہنما ہیں۔ انہوں نے ایک انٹرویو میں پرائیویٹ حج ٹور آرگنائزر کی پچھلے حج آپریشن میں کارکردگی کو بہترین قرار دیتے ہوئے کہا حج 2017 کی پرائیویٹ سیکٹر کی کارکردگی کی تعریف سعودی وزارت حج نے کھلے الفاظ میں کی تھی مگر ہماری وزارت مذہبی امور نے پرائیویٹ سیکٹر کے ساتھ سوتیلی ماں جیسا سلوک کرتے ہوئے معاہدے کے مطابق 50 فیصد کوٹہ کی بجائے 40 فیصد کر دیا تھا ہوپ نے اس معاہدے پر عمل درآمد کرنے کیلئے کوئی جرأت مندانہ، مدبرانہ موقف نہیں اختیار کیا۔ الحاج محمد صدیق حیات نے وزارت مذہبی امور سے مطالبہ کیا کہ جن ٹور آپریٹرز نے پچھلے سال 2017ء میں حاجیوں کو بہترین سہولیات پہنچا کر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے وزارت حج 2018 میں ان کے کوٹہ میں اضافہ کرے سرکاری و پرائیویٹ سیکٹر کا کوٹہ برابر کیا جائے جن کمپنیوں کی کارکردگی اچھی نہیں جنہوں نے حاجیوں کے ساتھ زیادتی کی ہے ان کا کوٹہ ختم کر کے بلیک لسٹ کیا جائے۔ وزارت مذہبی امور کو چیک اینڈ بیلنس کا سخت ترین سسٹم بنانا چاہیے۔ پرائیویٹ سیکٹر کو فری ہینڈ دینا چاہیے۔ حج نعم البدل کی سہولت کو عام کیا جائے تاکہ ضعیف، بیمار اور کمزور بوڑھے جو چل پھر نہیں سکتے انہیں حج نعم البدل کی سہولت دینی چاہئے اس حج کا ثواب کرنے اور کرانے والوں دونوں کو ہے۔



الحاج محمد صدیق اپنے ایوارڈ کے ہمراہ

محمد صدیق حیات نے ایک سوال کے جواب میں کہا غریب لوگوں پر حج فرض نہیں ہے لوگوں کو ویلفیئر فنڈز سے حج کرانا، کھانے کھلانا درست نہیں، غریبوں، مسکینوں کا پیسہ حاجیوں پر خرچ نہیں ہونا چاہئے۔

حج صاحب حیثیت لوگوں پر فرض ہے حکومت کو چاہئے صاحب حیثیت لوگوں کا تعین بنک سرٹیفکیٹ جس میں ٹیکس اور زکوٰۃ کی ادائیگی کو دیکھ کر تعین کرے جو واقعی صاحب حیثیت ہیں چھان بین کر کے انہیں حج پر جانے کی اجازت دی جائے۔

حج کوٹہ مصر کی طرز پر کمپنیوں میں برابر کا تقسیم کیا جائے وہاں ہر کمپنی کا 200 حاجیوں کا کوٹہ ہے جو مناسب ہے وہاں پرائیویٹ کمپنیوں کی بہترین کارکردگی ہے پاکستان میں بھی حکومت 5 سال کیلئے کمپنیوں کو کارکردگی کی بناء پر لانگ ٹرم پالیسی بنا کر حج کوٹہ الاٹ کرے۔ انہوں نے کہا میں مدینہ شریف میں 1994 سے الطیار حج وعمرہ سروسز کمپنی سے وابستہ ہوں مجھے حکومت پاکستان، پاکستان آرمی کے تمام شعبوں میں حج وعمرہ سروسز میں بہترین خدمات سرانجام دینے کا اعزاز حاصل ہے۔ میجر جنرل جمشید ایاز خاں جو اس وقت آرمی ویلفیئر ڈویژن کے چیف تھے انہوں نے میری بہترین سروسز کی فراہمی کے اعتراف میں سرٹیفکیٹ دیا تھا۔ سفیر پاکستان برائے سعودی عرب شاہد امین کی ریکمنڈیشن پر مجھے ایوارڈ دیا تھا ہوپ کے پہلے چیف الیکشن کے فرائض کی بہترین انجام دہی پر ہوپ نے خدمت کے اعتراف میں سعودی سفیر نے ایوارڈ ایک تقریب میں دیا تھا۔ صدیق حیات نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ مجھے جب بھی ہوپ کی قیادت کا موقعہ ملا میں ایسے تاریخی جرأت مندانہ کام کروں گا۔ ٹور آپریٹرز ہمیشہ یاد رکھیں گے۔ ☆☆





ایڈیٹر انچیف محمد صدیق القادری الحاج محمد صدیق حیات کا انٹرویو کر رہے ہیں

# پرائیویٹ حج سکیم میں کرپشن کو روکنے کیلئے وزارت مذہبی امور حج کوٹے کی نیلامی کرے

## الحاج محمد سراج

پشاور کے مشہور و معروف ٹور آپریٹر الحاج محمد سراج چیف ایگزیکٹو عربین ٹریولز کا یوتھ انٹرنیشنل کو خصوصی انٹرویو



**حکومت پرائیویٹ حج میں لوٹ مار کرنے والوں کیخلاف سخت ترین ایکشن لے:الحاج محمد سراج**

پشاور کے مشہور و معروف ٹور آپریٹر نامور سوشل و بزنس مین ہردلعزیز شخصیت الحاج محمد سراج حج عمرہ ٹریولنگ، مین پاور ایکسپورٹ میں اچھی شہرت رکھنے والے ہردلعزیز سوشل انسان ہیں۔ خدمت انسانی کے جذبہ سے سرشار ہیں انہوں نے اس شعبے میں قابل تعریف عزت کمائی ہے۔ چیئرمین عربین ٹریولز پرائیویٹ لمیٹڈ پشاور کے چیف ایگزیکٹو ہیں ہر سال دس سے بارہ ہزار لوگوں کو عمرہ کی بہترین سروسز فراہم کررہے ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل کے حج پالیسی 2018ء سے متعلق سوال کے جواب میں الحاج محمد سراج نے کہا حج کو سستا کرنے کی حکومتی پالیسی قابل تعریف ہے 2018ء کی حج پالیسی بہترین ہے سرکاری سکیم میں حج پیکیج کے ریٹ نہ بڑھانا، تین ٹائم حاجیوں کو فری کھانا فراہم کرنے اور حج انتظامات بروقت کرنے سے سرکاری حاجیوں کو بہت اچھی سہولتیں ملیں گی۔لوگوں کا سرکاری حج کرنے کے رجحان میں اضافہ ہوگا۔

پرائیویٹ حج کمپنیوں کے مہنگے حج پیکیج کے سوال کے جواب میں الحاج محمد سراج نے کہا پرائیویٹ حج سیکٹر میں حج کے نام پر بہت بڑا مافیا پیدا ہو گیا ہے جو لوگ سائیکلوں پر گھومتے تھے حج کوٹہ کی بدولت اربوں کی پراپرٹیوں کے مالک بن گئے۔ پرائیویٹ حج کمپنیوں کا ڈیڑھ سے تین لاکھ فی آدمی کمانا حاجیوں پر بہت بڑا ظلم و ناانصافی ہے۔ وزارت مذہبی امور اس کھلم کھلا لوٹ مار پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے ہمارا چیف جسٹس سپریم کورٹ، چیئرمین نیب، ڈی جی ایف آئی اے سے مطالبہ ہے پرائیویٹ حج سیکٹر میں بہت بڑی کرپشن اور لوٹ مار کو روکنے کیلئے فوری ایکشن لیں۔

جن لوگوں نے وزارت مذہبی امور کے افسران کی ملی بھگت سے درجنوں حج کمپنیاں خرید رکھی ہیں حج کوٹہ کھلم کھلا فروخت ہوتا ہے ملی بھگت سے پرائیویٹ حج اتنا مہنگا کر دیا گیا ہے کوئی سفید پوش، درمیانے طبقے کا آدمی تصور بھی نہیں کرسکتا۔ وزارت مذہبی امور کو پرائیویٹ سیکٹر کا سارا کوٹہ کھلے عام نیلام کرنا چاہئے جو حج آرگنائزر سب سے کم ریٹ کا پیکیج دیں انہیں الاٹ کیا جائے تاکہ حج کے نام پر ہونے والی کھلم کھلا کرپشن اور لوٹ مار ختم ہو۔ پرائیویٹ سیکٹر کے حاجیوں کو سستا حج نصیب ہوسکے جو پرائیویٹ حج کمپنیاں لوگوں کو اپنے پیکیج کے مطابق سہولتیں فراہم نہیں کرتیں حاجیوں سے زیادتی کرتی ہیں انہیں وزارت کو نہ صرف بلیک لسٹ بلکہ ان کی سکیورٹی ضبط کرکے تاحیات بلیک لسٹ کردینا چاہئے۔ الحاج محمد سراج نے کہا پچھلے سال وزارت مذہبی امور کی جانب سے پی آئی اے، سعودی ایئرلائن، ایئربلیو شاہین کی براہ راست پروازوں کی ٹکٹ ایک لاکھ 5 ہزار کے فراہم کئے جبکہ پرائیویٹ سیکٹر کے ٹورآپریٹرز نے گلف سمیت دیگر سستی ایئرلائنوں جن کی ٹکٹ 75-70 ہزار تھی حاجیوں کو مختلف روٹوں کے ذریعہ بھیجا تھا۔ وزارت حج میں کمیشن مافیا کی سرپرستی میں حاجیوں کو لوٹا جارہا ہے۔ وزارت حج حاجیوں کے ساتھ زیادتی، ناانصافی پر خاموش تماشائی کیوں بنی ہوئی ہے۔100 حاجیوں کے کوٹہ پر دو سے اڑھائی کروڑ کمانا کہاں کا انصاف ہے؟ وزارت مذہبی امور کو عمرہ اور حج پر جانے والوں پر اعتماد فنگر پرنٹ کے خلاف سخت موقف اٹھانا چاہئے۔ اعتماد ایک ٹریول ایجنسی ہے اس کے فنگر پرنٹ سعودیہ کے ایئرپورٹس کے ساتھ منسلک نہیں ہیں یہ صرف پیسے اور وقت کا ضیاع ہے حکومت پاکستان کو سعودی حکومت کے ساتھ اس پریشان کن ایشو پر بات کر کے ختم کرانا چاہئے۔ سستا عمرہ کے سوال پر الحاج محمد سراج نے کہا عمرہ میں مقابلہ بازی کی وجہ سے لوگوں کو سستا ترین عمرہ کرنے کی سہولت ہے ہر سال 12 سے 15 لاکھ لوگ عمرہ کیلئے جاتے ہیں اگر اسے وزارت مذہبی امور کے حوالے کردیا گیا تو حج کی طرح عمرہ بھی بہت مہنگا ہوجائے گا اسے فری ہی رہنا چاہئے۔☆



الحاج محمد سراج یوتھ انٹرنیشنل میگزین کا مطالعہ کررہے ہیں

# ہم حج سروسز کا کام اپنا مشن اور خدمت کے جذبے سے کر رہے ہیں: امین نورانی

## کراچی کی سوشل و بزنس مین شخصیت، صالح ویلفیئر کے روح رواں امین نورانی کی یوتھ انٹرنیشنل سے خصوصی گفتگو



**سید امتیاز علی شاہ بہت اچھے خدمت کے جذبہ سے سرشار افسر ہیں حاجیوں کے مسائل حل کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں: امین نورانی**

کراچی کے سوشل بزنس اور سیاسی حلقوں میں انسانی خدمت کے جذبہ سے مالا مال نوجوان امین نورانی کا نام کسی رسمی تعارف کا محتاج نہیں۔ امین نورانی کا تعلق کراچی کی معروف بزنس فیملی سے ہے جو حج وعمرہ سروسز کو بھی خدمت خلق سمجھ کر کر رہے ہیں۔ امین نورانی کا زمانہ طالب علمی بڑا متحرک گزرا انہیں بین الاقوامی سطح کی مذہبی شخصیت علامہ شاہ احمد نورانی کے زیر سایہ اور قربت میں 1984 سے کام کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔ علامہ صاحب کی وفات کے بعد انہوں نے 2000ء میں قریبی دوستوں عمران پولانی، عبدالمجید اسماعیل، عبدالغنی، زبیر ہزاروی اور حنیف قاسم کے ساتھ مل کر ویلفیئر کا کام شروع کیا۔ جو آہستہ آہستہ بڑھتا گیا۔ سب دوست مل کر فنڈ ریزنگ کرتے اور ویلفیئر پر خرچ کر کے پھر صالح ویلفیئر بنائی جس کے تحت غریب، نادار اور مستحق لوگوں کا فری آف کاسٹ آنکھوں کا آپریشن، دوائی کی سہولت کیلئے کیمپ لگاتے ہیں ہر سال 25 لاکھ سالانہ آنکھوں کے علاج پر خرچ کرتے ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: ویلفیئر کاموں میں کیسے دلچسپی پیدا ہوئی؟

امین نورانی: ویلفیئر کاموں میں دلچسپی مجھے علامہ شاہ احمد نورانی کی وجہ سے ہوئی وہ ہمیشہ ویلفیئر کاموں کی ترغیب دیتے تھے۔

یوتھ انٹرنیشنل: بزنس میں کیسے آنا ہوا؟

امین نورانی: بزنس میں ایسے آیا کہ میرے ماموں کے انتقال کے بعد 2012 میں حج وعمرہ سروسز کے بزنس کو سنبھالا۔ جرمنی، بلجیم، تھائی لینڈ، ملائیشیا، ترکی، یو اے ای اور سعودی عرب کے وزٹ کیلئے ہم حج سروسز کا کام بھی اپنا مشن اور خدمت کے جذبے سے کر رہے ہیں۔ اللہ کے مہمانوں کیلئے پیکیج کے مطابق سہولتیں فراہم کرتے ہیں یہ خدمت بھی ہے اور عبادت بھی ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل 2018 میں حج پالیسی کیسی ہے؟

امین نورانی: حج پالیسی 2018 پر تبصرہ کرتے ہوئے امین نورانی نے کہا کہ ملک کی 21,22 کروڑ آبادی ہوگئی ہے عام لوگوں کیلئے سرکاری حج پالیسی بہت اچھی ہے۔ ہر مسلمان کی خواہش ہے کہ وہ اللہ کا گھر دیکھے کم بجٹ میں، سرکاری حج پالیسی بہت بہترین ہے اور سہولتیں بھی اچھی ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: پرائیویٹ سیکٹرز کے حج پیکیج زیادہ مہنگے کیوں ہوتے ہیں؟

امین نورانی: ہم پرائیویٹ سیکٹر کے ٹور آپریٹرز ویلیو ایبل لوگوں کو ساڑھے 4 لاکھ سے 12 لاکھ کے قریب حج کرواتے ہیں یہ لوگ اپنے لائف سٹائل (حیثیت) کے مطابق حج کرتے ہیں۔ آپ نے کبھی ملز آنر، جج، جرنلز، بڑے بزنس مین کو سرکاری سکیم کے تحت حج پر جاتے نہیں دیکھا۔ بڑے لوگ اپنی حیثیت کے مطابق حج پیکیج لیتے ہیں یہ کام صرف پرائیویٹ تجربہ کار ٹور آپریٹر ہی کر سکتے ہیں۔ گورنمنٹ کے بس کا روگ نہیں۔ پرائیویٹ سیکٹر کی گورنمنٹ کے مقابلے میں ٹرانسپورٹ، ایئر لائن ٹکٹ، مکتب فیس دیگر اخراجات زیادہ ہیں۔

یوتھ انٹرنیشنل: کیا حکومت کو حج کو پرائیویٹائز کر دینا چاہئے؟

امین نورانی: دنیا میں تقریباً تمام حکومتیں حج وعمرہ کو پرائیویٹائز کر رہی ہیں پاکستان میں پرائیویٹائز کی بجائے حکومت سرکاری کوٹہ میں اضافہ کر رہی ہے حالانکہ پرائیویٹ حج کمپنیوں کی بہترین کارکردگی کی تعریف سعودی وزارت حج بھی کر رہی ہے حکومت پرائیویٹ سیکٹر کا کوٹہ بڑھا کر 60 فیصد کرے۔ (باقی صفحہ نمبر 58 پر)



امین نورانی کے دوران انٹرویو خوبصورت انداز



# حکومت بہترین کارکردگی کے حامل ٹور آپریٹرز کے حج کوٹہ میں اضافہ کرے: احسان اللہ

## سابق زونل چیئرمین ہوپ پنجاب احسان اللہ چیئرمین صوفاء انٹرنیشنل گروپ لاہور سے انٹرویو

احسان اللہ بڑے اچھے، خوش اخلاق، ملنسار، ہردلعزیز شخصیت کے حامل انسان ہیں خدمت انسانی کے جذبہ سے مالا مال ہیں۔ صوفا انٹرنیشنل گروپ کے چیئرمین کی حیثیت سے گزشتہ 13 سالوں سے اس شعبے میں ہیں۔ حج وعمرہ سروسز کے ساتھ آیاٹا ٹریول ایجنسی کو بڑی کامیابی سے چلا رہے ہیں۔ بے لوث خدمات کی بنا پر ٹور آپریٹرز نے آپ کی شخصیت پر بھرپور اعتماد کرتے ہوئے ہوپ کے سیکرٹری جنرل پھر چیئرمین ہوپ پنجاب اور سنٹرل وائس چیئرمین منتخب کیا۔ لاہور چیمبرز آف کامرس کی حج وعمرہ کمیٹی کے کنوینئر کی حیثیت سے اپنی کمیونٹی کے مسائل حل کرانے میں ہمہ تن مصروف عمل ہیں۔ ٹریولنگ ٹورازم کے فروغ میں بھی بہت ایکٹو ہیں۔ سعودی عرب، ترکی، ملائیشیا، دبئی کے بزنس وزٹ کئے ہیں۔ حج وعمرہ زائرین کی خدمت کو عبادت سمجھ کر بہترین سروسز دے رہے ہیں جس کی بنا پر لوگوں میں انہیں عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔

احسان اللہ چیئرمین صوفا انٹرنیشنل گروپ نے یوتھ انٹرنیشنل کو ایک انٹرویو میں کہا ہم خدمت کے جذبہ سے اس حج وعمرہ کے شعبے میں آئے ہیں۔ حجاج کی خدمت کو عبادت سمجھتے ہیں۔ ہمارے ادارے کی بہترین سروسز اور کارکردگی کی بنا پر لوگ ہم پر بھرپور اعتماد کرتے ہیں ہم انتہائی مناسب ریٹ، بہترین پیکیج پر زائرین کو وعدہ کے مطابق تمام تر سہولتیں فراہم کرتے ہیں۔



حج پالیسی 2018 پر تبصرہ کرتے ہوئے احسان اللہ نے کہا حکومت کی سرکاری حج پالیسی عام حاجیوں کیلئے بہترین ہے جس سے سرکاری حاجیوں کو بہترین سہولتیں ملنے کی توقع ہے۔ حکومت کو پرائیویٹ سیکٹر کو زیادہ سہولتیں دینی چاہئیں تاکہ پرائیویٹ ٹور آپریٹرز با آسانی اپنے حاجیوں کو سہولتیں فراہم کرسکیں۔

